سوال

(268)اس صورت میں نماز کے علاوہ اور نماز میں کیا پڑھے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نماز میں اور نماز کے علاوہ ایسے ایسے شیطانی وسوسے آتے ہیں، جن سے انسان گمراہ ہوسکتا ہے اور اپنے ایمان کا خطرہ محسوس کرتا ہے کہ میں شاید منافق ہوگیا ہوں، حالانکہ کیا کچھ بھی نہیں ہوتا۔ اس صورت میں نماز کے علاوہ اور نماز میں کیا پڑھے ؟ (حامد رشید)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

معوذات ہر نماز کے بعد اور سوتے وقت پڑھے۔

[عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے حکم دیا کہ میں ہر نماز کے بعد معوذات (سورۃ اخلاص، سورۃ الفلق، سورۃ الناس) پڑھا کروں۔
]1[نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب رات کو سوتے تو معوذات پڑھتے۔''] 2 ۲۹ ۴ ۲۴۱۴ھ

2 بخاری کتاب الدعوت باب التعوذ والقراءۃ عند المنام

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 04